PAPER VERSION (A)

12191

اُردو لازمی

پارٹ - II

نوٹ: سیکشن-الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے MCQ ANSWER SHEET پر درست جواب والا دائرہ پُر کریں اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں، چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔

سیکشن-الف

وقت: 20 منٹ — نمبر: 20

1. دریائے سندھ کے کنارے تک .... حکومت کر رہا تھا۔ الف) مسلمان، ب) اسلام، ج) ہندو، د) مغل

2. سقراط کا باپ ایک .... تھا۔ الف) شاعر، ب) حکیم، ج) تاجر، د) بت تراش

3. ندائیہ یا فجائیہ کی علامت .... ہے۔ الف) (—)، ب) (:)، ج) (!)، د) (:-)

4. مرزا سلیم .... میں گانے بجانے کی محفلیں سجاتے۔ الف) رمضان، ب) محرم، ج) شوال، د) عید

5. سبق "پھر وطنیت کی طرف" .... کی تصنیف ہے۔ الف) مہدی افادی، ب) مولانا صلاح الدین، ج) خواجہ حسن نظامی، د) محمد حسین آزاد

6. سبق "شہرت عام اور بقائے دوام کا دربار" .... کی تخلیق ہے۔ الف) ڈاکٹر سید عبداللہ، ب) شبلی نعمانی، ج) محمد حسین آزاد، د) الطاف حسین حالی

7. ادبی شخصیت "غلام عباس" .... کے ایک بہترین کھلاڑی تھے۔ الف) گلی ڈنڈا، ب) کرکٹ، ج) والی بال، د) شطرنج

8. ہر خواہش کے اندر .... ہوتا ہے۔ الف) خلا، ب) ذائقہ، ج) لطف، د) اضطراب

9. شریف حسین کی موت کے بعد سنگ مرمر کا ٹکڑا .... الف) بیچ دیا گیا، ب) یوں ہی پڑا رہا، ج) کہیں گم ہو گیا، د) اس کی قبر پر لگا دیا گیا

10. "تیسرا آدمی، راتوں کا شہر، خدا کی بستی اور جانگلوس" کے خالق .... ہیں۔ الف) احمد ندیم قاسمی، ب) اشفاق احمد، ج) شوکت صدیقی، د) الطاف فاطمہ۔

11. .... ادب کی وہ صنف ہے جس کو ایک نشست میں پڑھا جا سکے اور اس میں زندگی کا کوئی کردار مکمل طور پر موجود ہو۔ الف) ڈراما، ب) ناول، ج) ناولٹ، د) افسانہ

12. افسانہ "محسن محلّہ" .... کا لکھا ہوا ہے۔ الف) اشفاق احمد، ب) الطاف فاطمہ، ج) غلام عباس، د) احمد ندیم قاسمی

13. مولوی صاحب کیا مرے، زبانِ اردو کا ایک .... گر گیا۔ الف) مکان، ب) ستون، ج) پہاڑ، د) مینار

14. شاہکار نظم "جواب شکوہ" .... میں لکھی گئی۔ الف) 1910، ب) 1911، ج) 1912، د) 1913

15. صفحۂ دہر سے باطل کو .... کس نے۔ الف) مٹایا، ب) چھڑایا، ج) لگایا، د) ہٹایا

16. .... کے ہاں عورت کوئی ماورائی چیز نہیں بلکہ ایک عام انسان ہے۔ الف) جوش ملیح آبادی، ب) اختر شیرانی، ج) مجید امجد، د) ن م راشد

17. "لکیر کا فقیر ہونا" .... ہے۔ الف) کہاوت، ب) ضرب المثل، ج) محاورہ، د) روزمرہ

18. "میدانِ وفا" مرکب .... ہے۔ الف) عطفی، ب) اضافی، ج) عددی، د) توصیفی

19. احمد فراز کا اصل نام .... ہے۔ الف) سید احمد شاہ، ب) سید عبداللہ شاہ، ج) سید محمود شاہ، د) سید حمید شاہ

20. کلام میں کسی ایک چیز کا ذکر کرنا اور پھر اس کی مناسبت سے چیزیں لانا، جو متضاد نہ ہوں .... کہلاتا ہے۔ الف) تشبیہ، ب) مراعاۃ النظیر، ج) استعارہ، د) لف و نشر

12191

اردو لازمی

پارٹ-II

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن - ب

نمبر: 50

.1 مندرجہ ذیل میں سے صرف دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

.i مسلمانوں کے تیسرے دورِ تعلیم میں کیا خرابیاں پیدا ہوئیں؟

.ii 1857ء کے بعد رمضان میں جامع مسجد کی کیا حالت تھی؟

.iii ہمارا قومی نصب العین کیا ہے؟

.iv ایرانی شعراء کو دربار میں کیوں نہیں آنے دیا گیا؟

.v عبداللہ کی موت کہاں واقع ہوئی؟

.vi "محسن محلہ" کے لوگ ماسٹر صاحب کے بارے میں کیا جانتے تھے؟

.vii قیامِ پاکستان کے بعد لالو نے اپنی زندگی کیسے گزاری؟

.viii روزمرہ اور محاورہ میں فرق بیان کریں اور مثال سے وضاحت کریں۔

.ix اعراب لگائیں: نظم وضبط، مشاعرہ، مقالات، تلخ کلامی، جاذبیت

.x محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔ چراغ سحر ہونا، ہوائی قلعے بنوانا، آسمان ٹوٹ پڑنا، تین حرف بھیجنا، طوطا چشمی کرنا

.xi نظم "ستارے" کا خلاصہ تحریر کریں۔

.xii شاعر نے نظم میں "بہادر اور سورما" کس کو کہا ہے؟

.xiii "ید بیضا" کی وضاحت کریں۔

سیکشن - ج

نمبر: 30

.2 متن اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ 8

(الف) اس کے پیچھے پیچھے ایک بادشاہ آیا کہ سر پر کلاہ کیانی اور اس پر درفش کاویانی جھومتا تھا مگر پھریرا علم کا پارہ پارہ ہو رہا تھا۔ وہ آہستہ آہستہ اس طرح آتا تھا کہ گویا اپنے زخم کو بچاتے ہوئے آتا ہے۔ رنگ زرد تھا اور شرم سے سر جھکائے تھا۔ جب وہ آیا تو سکندر بڑی عظمت کے ساتھ استقبال کو اٹھا اور اپنے برابر بٹھایا۔ باوجود اس کے جس قدر سکندر زیادہ تعظیم کرتا تھا، اس کی شرمندگی زیادہ ہوتی تھی۔ وہ دارا بادشاہ ایران تھا۔

(ب) موت سے کوئی ڈھائی سال پہلے وہ میرو روڈ پر اپنی نو تعمیر کوٹھی میں اُٹھ گئے۔ وہاں گئے ابھی تھوڑے دن ہوئے تھے کہ ان کی بیگم صاحبہ کا انتقال ہو گیا۔ انہیں اس واقعے کا بہت صدمہ ہوا۔ میں نے اسی حالت میں انہیں دیکھا کہ مرحومہ کی قبر کھودی جا رہی ہے اور وہ پیشانی پر ہاتھ رکھے پاس ہی بیٹھے ہیں۔ اس وقت وہ بوڑھے معلوم ہو رہے تھے۔ کمر جھکی ہوئی تھی اور چہرہ زرد۔ اس واقعے کے بعد ان کی صحت برابر بگڑتی چلی گئی۔

.3 شاعر اور صنف کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ 8

(الف)
مگر اونچے ارادے ہیں تو کیا، اونچے ارادوں کو
سمجھنے کا نہیں احساس حاصل سیدھے سادوں کو
جہاں میں سیدھے سادے آدمی کثرت سے بستے ہیں
ہے محدود ان کی ہمت اور محدود ان کے رستے ہیں

(ب)
مجھے گرنا ہے تو میں اپنے ہی قدموں میں گروں
جس طرح سایۂ دیوار پہ دیوار گرے
تیرگی چھوڑ گئے دل میں، اجالے کے خطوط
یہ ستارے مرے گھر ٹوٹ کے بے کار گرے

.4 درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ 14

.i اسلام اور جدید نظام تعلیم .ii بڑھتی ہوئی آلودگی ایک سنگین خطرہ .iii ایک یادگار سفر

eduvision.edu.pk